© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**LET US BE MUSLIMS** — مرتب: خرم جاہ مراد۔ ناشر: دی اسلامک فاؤنڈیشن، ۲۲۳ لنڈن روڈ لائسسٹر (LER 1ZE—U.K) ضخامت: ۱۳۱ صفحات، قیمت نامعلوم۔

یہ انگریزی ترجمہ ہے مولانا مودودیؒ کی مشہور ایمان افروز اور فکر انگیز کتاب خطبات کا۔ اس مختصر سادہ سی کتاب نے برصغیر میں کتنے ہی دلوں کو جھنجوڑ دیا اور کتنے ہی کرداروں کی تعمیر نو کی۔ اب جناب خرم جاہ مراد نے اسلامک فاؤنڈیشن برطانیہ کے زیر اہتمام اسے انگریزی کا جامہ ایسی خوبی سے پہنایا ہے کہ نہ صرف ترجمہ پن کا کوئی اثر کتاب میں نہیں، بلکہ یوں محسوس ہوتا ہے کہ کسی داعی نے خود برطانوی ذہنوں کو سامنے رکھ کر ان کی دل پسند زبان اور ترتیب کے ساتھ وہی مباحث پیش کیے ہوں جو خطبات میں ہیں۔ ایمان و اسلام سے بات شروع ہوتی ہے اور عبادات خمسہ سے ہوتی ہوئی جہاد کی تکمیلی عبادت تک پہنچتی ہے۔ یعنی ایک نظر میں اسلام کے چمن زار حقیقت کی سیر ہو جاتی ہے اور ایک متلاشئ حق کو اپنے بہت سے سوالات کے جواب مل جاتے ہیں۔

آج پراگندہ ذہن مغرب کو اسلام کے جاننے سمجھنے کی جتنی شدید ضرورت ہے اس کا تقاضا ہے کہ عقلی طور پر اطمینان بخش اور جذباتی طور پر مؤثر بہترین لٹریچر انگریزی اور دوسری مغربی زبانوں میں فراہم کیا جائے۔ قابل مبارکباد ہے "اسلامک فاؤنڈیشن" نامی ادارہ جو اس فرض کو بہ احسن وجوہ انجام دے رہا ہے۔

---

**یادِ رفتگان حصہ دوم** — از جناب ماہر القادری مرحوم۔ مرتبہ: جناب طالب ہاشمی۔
ناشر: البدر پبلی کیشنز، راحت مارکیٹ۔ اردو بازار لاہور، سفید کاغذ، صفحات: ۴۸۶، مجلد قیمت: ۶۰/- روپے۔ (یقیناً موجودہ حالات میں یہ قیمت بہت کم ہے)۔

ماہر القادری مرحوم کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ انہوں نے علمی و ادبی دائرے میں


© rasailojaraid.com